# دِوالی

ہر اک مکاں میں جَلا پھر دِیا دِوالی کا — ہر اک طرف کو اُجالا ہُوا دِوالی کا
سبھی کے دِل میں سماں بھا گیا دِوالی کا — کسی کے دِل کو مزا خوش لگا دِوالی کا
عجب بہار کا ہے دِن بَنا دِوالی کا

جہاں میں یارو عجب طرح کا ہے یہ تیوہار — کسی نے نقد لیا اور کوئی کرے ہے اُدھار
کِھلونے کھیلوں بتاسوں کا گرم ہے بازار — ہر اک دُکاں میں چراغوں کی ہو رہی ہے بہار
سبھوں کو فِکر ہے اب جا بجا دِوالی کا







مِٹھائیوں کی دُکانیں لگا کے حلوائی          پُکارتے ہیں کہ لالہ دِوالی ہے آئی
بتاسے لے کوئی برفی کسی نے تُلوائی          کِھلونے والوں کی اُن سے زیادہ بن آئی
گویا انھوں کے واں راج آ گیا دِوالی کا

(نظیؔر اکبرآبادی)

## 1. لفظ اور معنی

| | | |
|---|---|---|
| دِیا | : | مِٹّی کا چراغ |
| جہاں | : | دُنیا |
| سماں | : | منظر |

| | | |
|---|---|---|
| خوش لگنا | : | اچھّا لگنا |
| بَن آنا | : | قسمت کُھلنا، خواہش پوری ہونا |
| بازار گرم ہونا | : | مال کا خوب بِکنا، رونق، چہل پہل |
| جا بجا | : | جگہ جگہ |
| بھا گیا | : | اچھّا لگا، پسند آیا |
| نقد | : | پیسہ، پیسے کی شکل میں فوراً ادا کی گئی رقم |
| واں | : | وہاں |

## 2. غور کیجیے

- 'دیوالی' کو 'دِوالی' بھی کہتے ہیں۔ لیکن آج کل 'دیوالی' ہی زیادہ مقبول ہے۔ پڑھنے میں البتہ 'دِوالی' ہی آتا ہے۔
- 'بتاسا' اسے بتاشا اور بتاشہ بھی لکھتے ہیں۔ 'تیوہار' اسے تہوار بھی لکھتے اور بولتے ہیں۔
- دیوالی چراغوں اور رَوشنیوں کا تہوار ہے۔ اس موقعے پر لوگ ایک دوسرے کو تحفے اور مٹھائیاں دیتے ہیں۔ پٹاخوں اور آتش بازی کا بھی انتظام ہوتا ہے۔ لوگ خوشیاں مناتے ہیں۔ یہ تہوار محبّت اور دوستی کا پیغام دیتا ہے۔

## 3. سوچیے، بتایئے اور لکھیے

(الف) دیوالی کے موقعے پر بازار میں کیا کیا خاص چیزیں نظر آتی ہیں؟

(ب) دیوالی کے تہوار کی کیا خوبیاں ہیں؟

(ج) دیوالی پر دِیوں کے علاوہ اور کون سی چیزیں جلائی جاتی ہیں؟

© NCERT not to be republished

## 4. اِن الفاظ کی مدد سے خالی جگہوں کو بھریے

اُجالا　چراغوں　دُکانیں　نقد

(الف) ہر اک طرف کو ..................... ہُوا دِوالی کا

(ب) کسی نے ..................... لیا اور کوئی کرے ہے اُدھار

(ج) ہر اک دُکاں میں ..................... کی ہو رہی ہے بہار

(د) مٹھائیوں کی ...... ...... ...... ...... لگا کے حلوائی

## 5. خانوں میں دیے ہوئے 'واحد' کی جمع اور 'جمع' کے واحد لکھیے

| واحد | دِل | ....... | حلوائی | ....... | تہوار | ....... | کِھلونا | ....... |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جمع | ....... | دُکانوں | ....... | چراغوں | ....... | بتاشوں | ....... | بہاروں |

## 6. اِن مصرعوں میں الفاظ کی ترتیب کو درست کر کے خالی جگہوں میں لکھیے

(الف) اُن سے بن آئی زیادہ کھلونے والوں کی ....................................

(ب) چراغوں کی ہر اک دُکاں میں بہار ہو رہی ہے ....................................

(ج) چراغوں کی ہر اک دُکاں میں بہار ہو رہی ہے ....................................

(د) دوالی کا مزا کسی کے دل کو خوش لگا ....................................

## 7. نیچے لکھے ہوئے لفظوں کے متضاد لکھیے

| جلا | اُجالا | ادھار | بہار | خوشی | زیادہ |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

© NCERT not to be republished

8. پچھلے اَسباق میں آپ اِسم کی تعریف پڑھ چکے ہیں۔ اس کی مدد سے اس نظم سے پانچ اِسم تلاش کر کے لکھیے

- ..........................
- ..........................
- ..........................
- ..........................
- ..........................

9. مختلف تہواروں کی تصاویر جمع کر کے کاپی میں چپکائیے

10. بلند آواز سے پڑھیے اور خوش خط لکھیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سماں | ........... | ........... | ........... | ........... | ........... |
| خوش | ........... | ........... | ........... | ........... | ........... |
| تہوار | ........... | ........... | ........... | ........... | ........... |
| بتاشوں | ........... | ........... | ........... | ........... | ........... |
| چراغوں | ........... | ........... | ........... | ........... | ........... |
| مٹھائیوں | ........... | ........... | ........... | ........... | ........... |

© NCERT not to be republished